نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے ٹینڈے اور کھیرے کی کاشت کیلئے سفارشات جاری کردیں۔

لاہور 11فروری 2024: (   )ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق ٹینڈے کی کاشت کیلئے گرم اور خشک آب وہوا موزوں ہے۔محکمہ زراعت پنجاب کی سفارش کردہ قسم "ٹینڈا دل پسند" ہے جس کا پھل گول اور ہلکے سبز رنگ کا ہوتا ہے۔ٹینڈے کی پہلی فصل کی کاشت وسط فروری اور دوسری فصل کی کاشت 20 جون تا 15 جولائی ہوتی ہے۔اس سبزی کی کاشت کیلئے زرخیز میرا زمین نہایت موزوں ہے۔جن زمینوں کا نکاس اچھا ہواُن میں ٹینڈے کی کاشت وتر حالت میں بھی کی جاسکتی ہے۔ٹینڈے کی فصل نازک ہوتی ہےاور سردی و کہر برداشت نہیں کرسکتی۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا کہ کھیرے کی فصل معتدل اور خشک آب وہواپسند کرتی ہے۔کھلے کھیت میں کھیرے کی کاشت فروری،مارچ اور جولائی میں کی جاتی ہے۔" کھیرا الوکل" دیسی کھیرے کی منظور شدہ قسم ہے۔اس کے علاوہ مختلف مما لک سے درآمد ہونے والی ہائبرڈ اقسام بھی کاشتکاروں میں مقبول ہیں تاہم ان میں گرمی اور وائرس کے خلاف قوتِ مدافعت کم ہوتی ہے۔کھیرے کی کاشت کیلئے میرا زمین موزوں ہے۔کھیرے کی عام اقسام کیلئے شرح بیج ایک کلوگرام فی ایکڑ جبکہ ہائبرڈ اقسام کیلئے400 تا500 گرام فی ایکڑ رکھیں۔کھیرے کی فصل کو تین چار پانی شروع میں ایک ہفتہ کے وقفہ سے دیں بعدازاں خشک اور گرم موسم میں پانی ہر تین یا چار دن کے وقفے سے دیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ ٹینڈے اور کھیرے کی فصل کیلئے کھادوں کا استعمال اپنے زمینی تجزیہ کی روشنی میں محکمہ زراعت کے مقامی ماہرین کے مشورہ سے کریں

☆☆☆☆